دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

## مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے ایمان داری بیداری ہفتہ دو ہزار پچیس تقریب کے حصے کے طور پر ملازمین کو ایمان داری کا حلف دلایا

New Delhi,27 October 2025

یہ امر تسلیم شدہ ہے کہ ملک کی اقتصادی، سیاسی اور معاشی ترقی میں بدعنوانی بڑی رکاوٹ ہے، اس لیے بدعنوانی سے پاک ادارے اور ملک کے فروغ کے لیے جامعہ ملیہ اسلامیہ کے ملازمین نے آج ایمانداری کا حلف لیا۔ پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے یونیورسٹی کے انتظامی بلاک کے سبزہ زار پر ہندی اور انگریزی دونوں زبانوں میں ملازمین کو ایمان داری کا حلف دلایا۔ عوامی زندگی میں ایمان داری کی اہمیت پر زور دینے اور بدعنوانی کے خلاف 'مکمل عدم تحمل' کی پالیسی کے نفاذ کے تئیں اپنے عہد کے اظہار کے ساتھ یونیورسٹی میں 'ایمان داری بیداری ہفتہ' کے حصے کے طور پر ایمان داری حلف کی تقریب کا اہتمام کیا گیا تھا۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے تدریسی وغیر تدریسی عملہ نے دیگر امور کے علاوہ کام کاج کے سلسلے میں اخلاقی عمل کو فروغ دینا، ایمان داری و دیانت داری کی فضا مزید مضبوط کرنا؛ رشوت نہ دینے اور نہ لینے، شفافیت، جواب دہی اور انصاف پر مبنی بہترین کارپوریٹ طرز حکمرانی کے تئیں عہد، متعلقہ قوانین وضوابط اور کاروبار کی انجام دہی میں تعمیل میکانزم، جملہ ملازمین کے لیے ضابطہ اخلاقیات کو اپنانے، ذمہ داریوں کی ایمان دارانہ ادائیگی کے سلسلے میں مناسب قوانین، ضابطوں کے متعلق حساسیت بخشی، شکایات کا ازالہ، شکایتوں اور دھوکہ وجعل سازی کی سرگرمیوں کی اطلاع دینے کے لیے شکایات ازالہ اور خبر دار وآگاہ کرنے والا نظام فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ متعلقین اور سماج کے حقوق اور ان کے مفادات کے تحفظ کا حلف لیا۔

سینٹرل ویجیلینس کمیشن (سی وی سی)، عوامی زندگی میں ایمان داری کو فروغ دینے اور بدعنوانی سے پاک معاشرے کے حصول کی اپنی کوششوں کے حصے کے طور پر ہر سال ایمان داری بیداری ہفتہ مناتی ہے۔

پروفیسر صائمہ سعید

افسر اعلیٰ، تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ